چال: نقوش کے ہمراہ چال بھی درج ہے۔ سو ہر نقش بمطابق چال تحریر کریں۔ وہ تمام نقوش جو چال کے مطابق نہیں ہوتے ان کے مؤثر ہونے میں شبہ ہے۔ بلا چال نقش غلط اور اُصول عملیات کے خلاف ہے۔ نقش ہمیشہ چال کے مطابق لکھنا چاہیے۔

اثر نظر: نظر بنانے والا کوکب رجعت یا کمزور حالت میں ہو تو نظر کا اثر قوی نہیں ہوتا۔ اس حوالے سے نظرات کے مؤثر ہونے یا نہ ہونے والا مضمون پڑھ لیں، کافی راہنمائی ملے گی۔

اجازت: راہنمائے عملیات کے تمام قارئین کو اپنی ذات کے لیے یہ عمل تیار کرنے کی مکمل اجازت ہے۔ تاہم یاد رکھیں، بے مقصد، تجرباتی، دوسرے افراد کے لیے اور بامقدار کثیر نقوش تیار کرنے سے رجعت ہو سکتی ہے۔

مزید معلومات اور حصول علم کے لیے ایڈیٹر راہنمائے عملیات کی عملیات کے موضوع پر شائع شدہ کتب جن کی تفصیل اس میگزین کے آخر میں دی گئی ہے کا مطالعہ کریں۔ خاص طور پر "اُصول وقواعد عملیات" ایک راہنما کتاب ہے۔ اللہ ہم سب کا حامی و ناصر ہو۔ آمین۔

تسخیر جنس مخالف

زہرہ تسدیس یورانس

	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر
تاریخ	12-01-2010	13-01-2010	14-01-2010
وقت	19:11	14:48	10:25

اگر آپ جنس مخالف خصوصاً عورت کی تسخیر محبت کے متلاشی ہیں تو یہ عمل یقیناً آپ کے لیے موزوں ثابت ہوگا یا پھر اگر ازدواجی زندگی میں جنسی مسائل درپیش ہیں تو بھی آپ اِس عمل کو باشرائط استعمال کرتے ہوئے خوش وخرم زندگی بسر کر سکتے ہیں۔ انشاءاللہ آپ کے مسائل حل ہو جائیں گے۔ دیئے گئے بادی اور آبی نقوش کو شروع میں دی گئی ہدایات کے مطابق تیار کرلیں۔ آبی نقش کو تیاری کے بعد پانی میں حل کر کے جس کی محبت یا تسخیر مطلوب ہو، کو پلا دیں۔ پھر بادی نقش کو کسی ایسی جگہ پر لٹکا دیں جہاں اُس شخص کا زیادہ وقت گزرتا ہو یا وہاں سے گزرتا ہو۔ یہ نقوش انشاء اللہ آپ کی زندگی میں مثبت تبدیلی لائیں گے۔ دونوں نقوش بمعہ چال درج ذیل ہیں:-

آبی چال

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۱	[illegible]	۱۰	۵

نقش ←

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

۱۰۶	۹۲	۹۹	۱۰۳
۹۸	۱۰۴	۱۰۵	۹۳
۱۰۱	۹۷	۹۴	۱۰۸
۹۵	۱۰۷	۱۰۲	۹۶

یااللہ یااللہ

بادی چال

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

نقش ←

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

۱۰۳	۹۹	۹۲	۱۰۶
۹۳	۱۰۵	۱۰۴	۹۸
۱۰۸	۹۴	۹۷	۱۰۱
۹۶	۱۰۲	۱۰۷	۹۵

یااللہ یااللہ

دماغی صلاحیتوں کو پست کرنا

عطارد تربیع زحل

اختتام نظر	ابتداء نظر	
17-01-2010	12-01-2010	تاریخ
01:12	18:01	وقت

کسی بھی دشمن پر غالب ہونے کے لیے یا کسی سے انتقام لینے کے لیے سب سے موثر ہتھیار اُس کی دماغی صلاحیتوں کو ماند کر دینا ہے۔ کسی کی سوچ پر حاوی ہونے کا مطلب اُسے اپنے اشارے پر نچانا ہے۔ یہ عمل بھی ایسے ہی مقاصد کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ مگر یاد رہے اِس عمل کو ناجائز استعمال کرنے سے گریز کریں۔ اگر آپ واقعی کسی بڑی پریشانی میں مبتلا ہیں تو اسے استعمال کریں۔ ساتھ ہی اوقات و بخورات کا خیال رکھیں۔ مزید راہنمائی کے لیے راٹھور پبلشرز کی کتاب ''اُصول وقواعد عملیات'' سے استفادہ کریں۔

دو خاکی نقوش بمطابق چال تیار کرلیں۔ ایک نقش کو قبرستان میں دفنا دیں اور دوسرے کو مخالفین کی چوکھٹ یا اِس کے قریب دفنا دیں۔ عمل کو صحیح اور بتائے گئے طریقے سے استعمال اور بنانا لازم ہے۔ کسی قسم کی غلطی کی صورت میں اور ناجائز استعمال کے نتیجے میں ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا۔ نقش بمعہ چال درج ذیل ہے:-

خاکی چال

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

نقش ←

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

۵۶۱۷	۵۶۳۱	۵۶۲۸	۵۶۲۴
۵۶۲۹	۵۶۲۳	۵۶۱۸	۵۶۳۰
۵۶۲۲	۵۶۲۶	۵۶۳۳	۵۶۱۹
۵۶۳۲	۵۶۲۰	۵۶۲۱	۵۶۲۷

یااللہ یااللہ

اعلیٰ حکام سے کام نکلوانا

شمس تثلیث زحل

اختتام نظر	تکمیل نظر	ابتداء نظر	
25-01-2010	24-01-2010	23-01-2010	تاریخ
19:46	20:38	21:28	وقت

ہمارے اردگرد بہت سے لوگ ایسے ہیں جن کو اپنے جائز کام مکمل کروانے اور حق کے حصول کے لیے دردر کی ٹھوکریں کھاتے ہوئے سالوں گزر چکے ہیں، مگر ہمارے اعلیٰ حکام وعہدیدار اُنہیں مزید مشکلات کے سوا کچھ نہیں دیتے۔ یہ عمل ایسی ہی حاجات اور مشکلات کو حل کرنے کے لیے خصوصی طور پر ''راہنمائے عملیات'' کے قارئین کے لیے پیش کیا گیا ہے۔ انشاءاللہ آپ کے مسائل حل ہوں گے اور آپ کو آپ کا حق ضرور ملے گا۔ پھر چاہے وہ آپ کی رُکی ہوئی پروموشن ہو یا سالوں سے چلتے آرہے عدالتی معاملات۔

آبی نقش کو شروع میں بتائے گئے بخورات کو استعمال کرتے ہوئے تیار کرلیں۔ نقش کو بتائے گئے اوقات میں تیار کرنے کے بعد دریا یا ندی میں بہا دیں۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ نقش تیار کرنے میں غلطی کا امکان ہے تو آپ یہ نقش ادارے سے بھی بنوا سکتے ہیں۔ انشاء اللہ یہ نقش آپ کے حصولِ مقصد میں کار آمد ثابت ہوگا۔ نقش بمعہ چال درج ذیل ہے:-

آبی چال

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

نقش

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

۱۰۶۱۲	۱۰۶۰۸	۱۰۶۰۱	۱۰۶۱۵
۱۰۶۰۲	۱۰۶۱۴	۱۰۶۱۳	۱۰۶۰۷
۱۰۶۱۷	۱۰۶۰۳	۱۰۶۰۶	۱۰۶۱۰
۱۰۶۰۵	۱۰۶۱۱	۱۰۶۱۶	۱۰۶۰۴

یااللہ یااللہ

مخالفین پر غلبہ پانے کے لیے

زحل تربیع پلوٹو

	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر
تاریخ	10-01-2010	01-02-2010	15-02-2010
وقت	15:26	03:27	04:51

آج کل کے دور میں بہت سے لوگ ایسے ہیں جو اپنے مخالفین کی وجہ سے پریشان رہتے ہیں۔ اسی طرح بہت سے لوگ ایسے ہوتے ہیں جو دوسروں پر ستم ڈھاتے ہیں۔ اگر آپ اپنے دشمن سے جان چھڑوانا چاہتے ہیں یا دیگر ایسا کوئی اور معاملہ ہے جیسے انہیں اپنی جائیداد سے بے دخل کرنا چاہتے ہیں تو ان خاص اعمال کو استعمال کرتے ہوئے آپ اپنے مخالفین پر غلبہ پا سکتے ہیں۔ اس عمل کے ذریعے انشاء اللہ وہ ظالم آپ کی راہ میں مشکلات پیدا کرنا بھول جائے گا، اور اُسے اپنی پڑ جائے گی۔

ان آتشی اور خاکی اعمال کو بتائے گئے اوقات میں تیار کرلیں۔ نقش کو بمطابق چال اور شرائط وضوابط استعمال کرنا ہی دشمن پر غلبہ پانے کی شرط ہے۔ آتشی نقش بنانے کے بعد جلا دیں اور اس کی خاک چاروں اطرف میں پھیلا دیں اور خاکی نقش کو مخالف کی چوکھٹ یا اس کے قریب دفنا دیں۔ انشاء اللہ حصول مقصد ہوگا۔ دونوں نقوش بمعہ چال درج ذیل ہیں:-

بانڈ، ریس اور لاٹری کے نمبر

جیسا کہ عنوان سے ظاہر ہے یہ کتاب مختلف انعامی سکیموں میں کامیابی کے حصول کے لیے راہنمائی دینے کا باعث ہے اور تیسرے ایڈیشن کا شائع ہونا اس کی مقبولیت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

اس کتاب میں بالکل آسان طریقے سے اعداد، نجوم، ساعات، جفر، استخارے، رمل اور فالنامے وغیرہ کے ذریعے انعام حاصل کرنے کے مختلف قواعد کو بیان کیا گیا ہے۔ یہ ایک آسان فہم کتاب ہے۔ عام قاری بھی اس کے قواعد کو با آسانی سمجھ سکتا ہے۔

قمری منازل اور بروج کے حساب سے جاری سال کے متوقع صفحہ اور اکڑا نمبر حل کر کے دے دیئے گئے ہیں۔ ساتھ ساتھ اس کتاب میں نجوم، اعداد، ساعات، رمل، استخارہ وغیرہ کے حساب سے بانڈ نمبر اور میچ نکالنے کے کئی ایک مجرب طریقے بیان کیے گئے ہیں۔

آتشی چال

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

نقش

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

۲۳۴۰۱	۲۳۴۱۵	۲۳۴۱۲	۲۳۴۰۸
۲۳۴۱۳	۲۳۴۰۷	۲۳۴۰۲	۲۳۴۱۴
۲۳۴۰۶	۲۳۴۱۰	۲۳۴۱۷	۲۳۴۰۳
۲۳۴۱۶	۲۳۴۰۴	۲۳۴۰۵	۲۳۴۱۱

یااللہ یااللہ

خاکی چال

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

نقش

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

۲۳۴۰۸	۲۳۴۱۲	۲۳۴۱۵	۲۳۴۰۱
۲۳۴۱۴	۲۳۴۰۲	۲۳۴۰۷	۲۳۴۱۳
۲۳۴۰۳	۲۳۴۱۷	۲۳۴۱۰	۲۳۴۰۶
۲۳۴۱۱	۲۳۴۰۵	۲۳۴۰۴	۲۳۴۱۶

یااللہ یااللہ

ماہ جنوری 2010 کون سی نظرات موثر ہیں کون سی نہیں؟

تحریر و تحقیق: خالد اسحاق راٹھور

اس مضمون کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ نقوش اور روحانی اعمال تیار کرنے والے عامل یا عام لوگوں کو جن کو نجوم و عملیات کی معمولی سمجھ ہے یا بالکل نہیں ہے اس مضمون کی مدد سے صرف ایسے وقت میں نقش یا اعمال تیار کریں جو موثر ثابت ہوں اور ان کا وقت، رقم اور محنت ضائع نہ ہو۔ باقی اللہ مالک ہے۔ یہ مضمون عملیاتی اور روحانی حوالے سے ہر عامل کامل کا راہنما ثابت ہوگا۔ اپنی آراء ضرور ارسال کریں کہ اس کو کس طرح مزید بہتر اور قارئین کے لیے مفید بنایا جاسکتا ہے؟ مختصراً سمجھ لیں کہ علمی لحاظ سے زہرہ و مشتری جو سعد ترین کواکب ہیں ان کی باہمی سعد نظر ہمیشہ اچھے اثرات کی حامل نہیں ہوتی۔ لیکن بہت سے لوگ بلا علم ہر نظر کی سعادت و نحوست پر اعمال تحریر کر دیتے ہیں اور ضرورت مند کر بھی لیتے ہیں جو کہ فائدہ مند ثابت نہیں ہوتے۔ سو راہنمائے عملیات کے قارئین کی خصوصی راہنمائی کے لیے ہر ماہ یہ مضمون تحریر کیا جاتا ہے۔ تاکہ کوئی بھی کواکبی نظر ہو آپ اس مضمون کو مدنظر رکھ کر ایسے وقت عمل کریں جب کامیابی کا زیادہ سے زیادہ امکان ہو۔

01	00:14	قمر مقابلہ شمس	05	00:06	عطارد قران شمس	07	13:36	قمر تربیع زہرہ	10	02:18	قمر تسدیس زہرہ	12	02:06	زہرہ قران شمس
01	13:36	قمر مقابلہ عطارد	05	05:06	قمر تثلیث زہرہ	07	15:40	قمر تربیع شمس	10	03:16	قمر تسدیس شمس	12	06:49	قمر تثلیث مریخ
01	18:20	قمر مقابلہ راہو	05	06:51	قمر تثلیث عطارد	07	16:35	قمر تسدیس مریخ	10	06:18	قمر تسدیس راہو	12	20:52	قمر تربیع یورانس
01	20:44	قمر تثلیث یورانس	05	08:02	قمر تثلیث شمس	07	23:15	قمر تربیع راہو	10	10:29	قمر تثلیث یورانس	12	21:38	قمر تسدیس چیرون
02	14:56	قمر تسدیس زحل	05	15:40	عطارد قران زہرہ	08	03:17	قمر تثلیث چیرون	10	11:04	قمر تربیع چیرون	12	23:52	قمر تسدیس نپچون
03	13:09	قمر قران مریخ	05	19:20	قمر تثلیث راہو	08	05:35	قمر تثلیث نپچون	10	13:22	قمر تربیع نپچون	13	07:43	قمر تسدیس مشتری
03	20:58	قمر مقابلہ چیرون	05	22:25	قمر مقابلہ یورانس	08	11:07	قمر تثلیث مشتری	10	20:02	قمر تربیع مشتری	13	14:48	زہرہ تسدیس یورانس
03	23:13	قمر مقابلہ نپچون	06	16:00	قمر تربیع پلوٹو	08	21:33	قمر تسدیس پلوٹو	11	08:07	قمر تسدیس زحل	13	17:23	قمر قران پلوٹو
04	02:56	قمر مقابلہ مشتری	06	17:55	قمر قران زحل	09	07:27	قمر تسدیس عطارد	11	15:16	شمس قران راہو	13	19:11	قمر تربیع زحل
04	13:29	قمر تثلیث پلوٹو	07	05:40	قمر تربیع عطارد	09	22:24	قمر تربیع مریخ	11	17:15	زہرہ قران راہو	13	21:35	قمر قران عطارد

کواکبی نظر	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر	احکام نظر......یعنی نقش، تعویذ و عمل تیار کریں یا نہ؟
عطارد قران شمس	04-01-2010 13:59	05-01-2010 00:06	05-01-2010 10:13	بنیادی طور پر بری نظر نہیں ہے لیکن جاری کواکبی صورت حال میں اس نظر کے تحت تیار کردہ اعمال روحانی موثر نہ ہوں گے۔ نتائج 40 فی صد سے زیادہ نہ ہوں گے۔
عطارد قران زہرہ	05-01-2010 06:28	05-01-2010 15:40	06-01-2010 00:53	گو سعد نظر ہے تاہم بہت زیادہ قوی نہیں ہے۔ کیئے گئے اعمال کے نتائج کم و بیش 50 فی صد تک کامیابی لیے ہوں گے۔
زہرہ قران شمس	07-01-2010 21:39	12-01-2010 02:06	16-01-2010 06:35	نظر کو نحس نہیں ہے۔ سعد ہے۔ لیکن اعمال نقوش سعد زیادہ اچھے نتائج نہ لائیں گے۔ عمل نہ کریں۔ وقت ہی کچھ ایسا ہے۔
عطارد تربیع زحل	14-01-2010 18:01		17-01-2010 01:12	بلحاظ نظر اعمال نحس کے لیے موثر نظر ہے۔ تاہم اعمال روحانی و عملیاتی اُمور میں کامیابی کی شرح 50/40 فی صد سے زیادہ نہ ہوگی۔
زہرہ تثلیث زحل	21-01-2010 16:15	22-01-2010 11:07	23-01-2010 05:59	سعد وقت ہے جو بھی سعد عمل و لوح تیار کرنا چاہیں کر سکتے ہیں۔ کامیابی 70 فی صد کے قریب ہے۔
شمس تثلیث زحل	23-01-2010 21:28	24-01-2010 20:38	25-01-2010 19:46	یہ نظر سعد اعمال و نقوش اور الواح کے لیے موثر خیال کی جاتی ہے۔ اس وقت تیار کردہ اعمال 40 فی صد تک کام کریں گے۔
زہرہ مقابلہ مریخ	26-01-2010 19:59	27-01-2010 10:30	28-01-2010 01:00	نظری اعتبار سے تو بظاہر انتہائی نحس نظر ہے لیکن حقیقت میں یہ کسی بھی نحس کام کے لیے موثر نہیں۔
شمس مقابلہ مریخ	29-01-2010 07:46	30-01-2010 00:43	30-01-2010 17:41	اعمال نحس میں ہی نظر استعمال ہوتی ہے لیکن جاری صورت حال میں مطلوبہ نتائج حسب منشاء نہ ملیں گے۔

تاریخ	وقت	
13	23:42	شمس تسدیس یورانس
15	03:50	قمر قران راہو
15	09:10	قمر تسدیس یورانس
15	12:12	قمر قران شمس
15	14:03	قمر قران زہرہ
16	07:44	قمر تثلیث زحل
17	04:13	قمر مقابلہ مریخ
17	23:24	قمر قران چیرون
18	01:23	قمر قران نیچون
18	11:23	قمر قران مشتری
18	19:16	قمر تسدیس پلوٹو
18	23:49	قمر تسدیس عطارد
20	04:56	قمر تسدیس راہو
20	11:07	قمر قران یورانس
21	00:55	قمر تسدیس شمس
21	05:38	قمر تسدیس زہرہ
21	07:33	قمر تربیع پلوٹو
21	08:43	قمر مقابلہ زحل
21	14:27	قمر تربیع عطارد
22	01:03	قمر تثلیث مریخ
22	11:08	زہرہ تثلیث زحل
22	15:37	قمر تربیع راہو
22	23:13	قمر تسدیس چیرون
23	00:47	قمر تسدیس نیچون
23	11:52	قمر تسدیس مشتری
23	15:55	قمر تربیع شمس
23	17:20	قمر تثلیث پلوٹو
23	21:37	قمر تربیع زہرہ
24	03:09	قمر تثلیث عطارد
24	08:04	قمر تربیع مریخ
24	20:38	شمس تثلیث زحل
24	23:08	قمر تثلیث راہو
25	05:26	قمر تسدیس یورانس
25	06:44	قمر تربیع چیرون
25	08:04	قمر تربیع نیچون
25	19:10	قمر تربیع مشتری
26	00:05	قمر تثلیث زحل
26	02:18	قمر تثلیث شمس
26	08:39	قمر تثلیث زہرہ
26	11:37	قمر تسدیس مریخ
27	09:08	قمر تربیع یورانس
27	10:25	قمر تثلیث چیرون
27	10:30	زہرہ مقابلہ مریخ
27	11:33	قمر تثلیث نیچون
27	22:37	قمر تثلیث مشتری
28	01:57	قمر مقابلہ پلوٹو
28	02:21	قمر تربیع زحل
28	17:22	قمر مقابلہ عطارد
29	03:34	قمر مقابلہ راہو
29	09:49	قمر تثلیث یورانس
30	00:43	شمس مقابلہ مریخ
30	02:08	قمر تسدیس زحل
30	10:21	قمر قران مریخ
30	11:18	قمر مقابلہ شمس
30	18:50	قمر مقابلہ زہرہ
31	10:35	قمر مقابلہ چیرون
31	11:27	قمر مقابلہ نیچون
31	23:20	قمر مقابلہ مشتری

خالد روحانی جنتری......جنوری ۲۰۱۰/محرم ۱۴۳۱/پوہ ۲۰۶۶

تاریخ	تتھی	ابتداء	یوگ	ابتدا	منزل	ابتداء	برج	ابتدا	گزرا کل
1	ماگھ بدی دوج	00-12 20-44	آیوشمان	09-27	طرفہ	04-23			جہاز راں کمپنیاں اور بینک قومیائے گئے ۱۹۷۸۔ رفیق تارڑ نویں صدر ۱۹۹۸۔ آزادی سوڈان ۱۹۵۶۔
2	تیج	17-15	سوبھاگ	05-20	جبہ زہرہ	00-52 21-22	اسد	07-42	اجراء اعشاریہ سکہ ۱۹۶۱۔ انتخابات ۱۹۶۵۔
3	چوتھ	13-54	شوبھن اتیگنڈ	01-15 21-21	صرفہ	18-02			اجراء سکہ ونوٹ ۱۹۴۸۔
4	پنچمی	10-48	سکرمان	17-42	عوا	14-57	سنبلہ	07-55	فیصلہ سازش کیس راولپنڈی ۱۹۵۲۔ پیدائش نیوٹن ۱۶۴۲۔
5	چھشٹی	08-04	دھریتی	14-23	سماک	12-15			پیدائش ذوالفقار علی بھٹو ۱۹۲۸۔
6	سپتمی	05-51	شول	11-30	غفرہ	10-02	میزان	10-02	حادثہ ریلوے جھمپیر ۱۹۵۴۔ جماعت اسلامی ۱۹۶۴، خلاف قانون۔
7	اشٹمی	04-15	گنڈ	09-05	زبانہ	08-21			وفات لارڈ بیڈن بانی اسکاٹ لینڈ ۱۹۴۱۔
8	نومی	03-17	بریدھی	07-10	اکلیل	07-16	عقرب	15-05	مجیب کی رہائی اور آزادی بنگلہ دیش ۱۹۷۲، ڈالر سے وابستگی ختم ۱۹۸۲۔ پاک بھارت بس سروس ۱۹۹۹۔ افتتاح علی گڑھ کالج ۱۸۷۷۔
9	دشمی	02-59	دھرو	05-46	قلب	06-46			وفات نواب صدیق علی خان ۱۹۷۴۔
10	ایکادشی	03-18	ویاگھات	04-51	شولہ	06-51	قوس	23-13	اعلان تاشقند ۱۹۶۶ء۔
11	دوادشی	04-12	برشن	04-24	نعائم	07-27			انتقال شاستری ۱۹۶۶ء۔
12	ترودشی	05-37	وبحر	04-21	بلدہ	08-30			آزادی البانیہ ۱۹۴۵۔
13	چودش	07-30	سدھی	04-37	ذابح	09-56	جدی	09-56	پاکستان میں دوسری مردم شماری ۱۹۶۱۔
14	اماوس	09-44	ویتی پات	05-09	بلعہ	11-39			کاسابلانکا کانفرنس ۱۹۴۳۔
15	ماگھ بدی	12-13	دربان	05-54	سعود	13-37	دلو	22-18	افتتاح اسوان بند ۱۹۷۱ء۔
16	دوج	14-52	پریکھ	06-48	اخبیہ	15-43			خاتمہ سلطنت شاہ ایران ۱۹۷۹۔ انتقال بادشاہ ہمایوں ۱۵۵۶ء۔
17	تیج	17-35	شو	07-46	مقدم	17-52			رضا شاہ فرار ۱۹۷۹۔ پیدائش لوئیس صدر میکسیکو ۱۹۶۲۔
18	چوتھ	20-15	سدہ	08-43	موخر	19-58	حوت	11-17	گرفتاری مجیب الرحمن ۱۹۶۸۔
19	پنچمی	22-44	سادہ	09-35	رشا	21-55			
20			شبھ	10-15	شرطین	23-35	حمل	23-35	بل کلنٹن صدر، امریکہ ۱۹۹۳۔ بش صدر امریکہ ۲۰۰۱۔ پی آئی اے کا پہلا طیارہ پیکنگ ۱۹۷۳۔
21	چھشٹی	00-53	شکل	10-38					وفات نکولائی لینن ۱۹۱۴۔
22	سپتمی	02-34	برھم	10-36	بطین	00-50			انتقال شاہ جہاں

بقیہ اگلے صفحہ پر

تاریخ	تتھی	وقت	یوگ	وقت	منزل	وقت	برج	وقت	واقعات
23	اشٹمی	03-37	ایندر	10-05	ثریا	01-32	ثور	09-37	بھٹو وزیر خارجہ بنے ۱۹۶۳ء۔
24	نومی	03-57	ویدھرتی	09-01	دبران	01-36		•	انڈین ایئر لائن کا طیارہ تباہ ۱۹۶۶ء۔
25	دشمی	03-30	وشکنبھ	07-21	ھقعہ ھنعہ	00-58 23-36	جوزا	16-06	ری پبلک آف انڈیا ۱۹۵۰ء۔ وفات میر خلیل الرحمن ۱۹۹۲ء۔
26	ایکادشی	02-15	پریتی	05-05	ذراعہ	21-35			بھارت زلزلہ ۲۵ ہزار ہلاک ۲۰۰۱ء۔ ترکی کا طیارہ تباہ ۱۹۷۴ء۔
27	دوادشی ترودشی	00-16 21-39	آیوشمان سوبھاگ	02-11 22-46	نثرہ	18-57	سرطان	18-57	آمد صدر برما ۱۹۶۹ء۔
28	چودش	18-31	شوبھن	18-57	طرفہ	15-51			عالمی یوم جذام۔ قتل ڈیوک فرانس فرینز ۱۹۱۴ء۔
29	پورنماں	15-01	اتیگنڈ	14-52	جبہ	12-22	اسد	19-09	پاکستان دولت مشترکہ سے الگ ۱۹۷۲ء۔ وفات راشد الخیری ۱۹۳۶ء۔
30	ماگھ بدی	11-18	سکرمان	10-35	زہرہ	08-40			قتل مہاتما گاندھی ۱۹۴۸ء۔
31	دوج	07-31	دھریتی	06-14	صرفہ	04-53	سنبلہ	18-26	اسٹالن گراڈ میں جرمن فوج کا گھیراؤ ۱۹۴۳ء

خالد روحانی جنتری......جنوری ۲۰۱۰/محرم ۱۴۳۱/پوہ ۲۰۶۶

ماہانہ تقویم					مخصوص دن	مفرد نمبر	لاہور		کراچی		پشاور		کوئٹہ		راولپنڈی		ملتان	
دن	جنوری	محرم	پوہ	جدی			طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب
جمعہ	۱	۱۴	۱۷	۱۲	ن	۵	۰۷/۰۲	۱۷/۱۰	۰۷/۱۹	۱۷/۵۲	۰۷/۱۹	۱۷/۱۶	۰۷/۲۹	۱۷/۴۳	۰۷/۱۲	۱۷/۱۱	۰۷/۱۱	۱۷/۲۶
ہفتہ	۲	۱۵	۱۸	۱۳	س	۶	۰۷/۰۲	۱۷/۱۱	۰۷/۱۹	۱۷/۵۳	۰۷/۱۹	۱۷/۱۶	۰۷/۲۹	۱۷/۴۴	۰۷/۱۲	۱۷/۱۲	۰۷/۱۱	۱۵/۲۶
اتوار	۳	۱۶	۱۹	۱۴	ن	۷	۰۷/۰۳	۱۷/۱۲	۰۷/۱۹	۱۷/۵۴	۰۷/۲۰	۱۷/۱۷	۰۷/۲۹	۱۷/۴۵	۰۷/۱۲	۱۷/۱۲	۰۷/۱۱	۱۷/۲۷
پیر	۴	۱۷	۲۰	۱۵	م	۸	۰۷/۰۳	۱۷/۱۳	۰۷/۲۰	۱۷/۵۴	۰۷/۲۰	۱۷/۱۸	۰۷/۲۹	۱۷/۴۵	۰۷/۱۲	۱۷/۱۳	۰۷/۱۲	۱۷/۲۸
منگل	۵	۱۸	۲۱	۱۶	س	۹	۰۷/۰۳	۱۷/۱۳	۰۷/۲۰	۱۷/۵۵	۰۷/۲۰	۱۷/۱۹	۰۷/۳۰	۱۷/۴۶	۰۷/۱۲	۱۷/۱۴	۰۷/۱۲	۱۷/۲۹
بدھ	۶	۱۹	۲۲	۱۷	س	۱	۰۷/۰۳	۱۷/۱۴	۰۷/۲۰	۱۷/۵۶	۰۷/۲۰	۱۷/۲۰	۰۷/۳۰	۱۷/۴۷	۰۷/۱۲	۱۷/۱۵	۰۷/۱۲	۱۷/۲۹
جمعرات	۷	۲۰	۲۳	۱۸	م	۲	۰۷/۰۳	۱۷/۱۵	۰۷/۲۰	۱۷/۵۶	۰۷/۲۰	۱۷/۲۰	۰۷/۳۰	۱۷/۴۸	۰۷/۱۲	۱۷/۱۶	۰۷/۱۲	۱۷/۳۰
جمعہ	۸	۲۱	۲۴	۱۹	ن	۳	۰۷/۰۳	۱۷/۱۶	۰۷/۲۰	۱۷/۵۷	۰۷/۲۰	۱۷/۲۱	۰۷/۳۰	۱۷/۴۸	۰۷/۱۲	۱۷/۱۶	۰۷/۱۲	۱۷/۳۱
ہفتہ	۹	۲۲	۲۵	۲۰	ن	۴	۰۷/۰۳	۱۷/۱۷	۰۷/۲۰	۱۷/۵۸	۰۷/۲۰	۱۷/۲۲	۰۷/۳۰	۱۷/۴۹	۰۷/۱۲	۱۷/۱۷	۰۷/۱۲	۱۷/۳۲
اتوار	۱۰	۲۳	۲۶	۲۱	س	۵	۰۷/۰۳	۱۷/۱۷	۰۷/۲۰	۱۷/۵۹	۰۷/۲۰	۱۷/۲۳	۰۷/۳۰	۱۷/۵۰	۰۷/۱۲	۱۷/۱۸	۰۷/۱۲	۱۷/۳۳
پیر	۱۱	۲۴	۲۷	۲۲	ن	۶	۰۷/۰۳	۱۷/۱۸	۰۷/۲۰	۱۷/۵۹	۰۷/۲۰	۱۷/۲۴	۰۷/۳۰	۱۷/۵۱	۰۷/۱۲	۱۷/۱۹	۰۷/۱۲	۱۷/۳۳
منگل	۱۲	۲۵	۲۸	۲۳	ن	۷	۰۷/۰۳	۱۷/۱۹	۰۷/۲۰	۱۸/۰۰	۰۷/۲۰	۱۷/۲۵	۰۷/۳۱	۱۷/۵۲	۰۷/۱۲	۱۷/۲۰	۰۷/۱۲	۱۷/۳۴
بدھ	۱۳	۲۶	۲۹	۲۴	س	۸	۰۷/۰۳	۱۷/۲۰	۰۷/۲۰	۱۸/۰۱	۰۷/۲۰	۱۷/۲۶	۰۷/۳۰	۱۷/۵۲	۰۷/۱۲	۱۷/۲۱	۰۷/۱۲	۱۷/۳۵
جمعرات	۱۴	۲۷	۳۰	۲۵	س	۹	۰۷/۰۳	۱۷/۲۱	۰۷/۲۰	۱۸/۰۲	۰۷/۱۹	۱۷/۲۷	۰۷/۳۰	۱۷/۵۳	۰۷/۱۲	۱۷/۲۲	۰۷/۱۲	۱۷/۳۶
جمعہ	۱۵	۲۸	ماگھ	۲۶	س	۱	۰۷/۰۳	۱۷/۲۲	۰۷/۲۰	۱۸/۰۲	۰۷/۱۹	۱۷/۲۸	۰۷/۲۹	۱۷/۵۴	۰۷/۱۲	۱۷/۲۳	۰۷/۱۲	۱۷/۳۷
ہفتہ	۱۶	۲۹	۲	۲۷	س	۲	۰۷/۰۲	۱۷/۲۳	۰۷/۲۰	۱۸/۰۳	۰۷/۱۹	۱۷/۲۸	۰۷/۲۹	۱۷/۵۵	۰۷/۱۲	۱۷/۲۴	۰۷/۱۲	۱۷/۳۸
اتوار	۱۷	صفر	۳	۲۸	ن	۳	۰۷/۰۲	۱۷/۲۴	۰۷/۲۰	۱۸/۰۴	۰۷/۱۹	۱۷/۲۹	۰۷/۲۹	۱۷/۵۶	۰۷/۱۱	۱۷/۲۵	۰۷/۱۲	۱۷/۳۸
پیر	۱۸	۲	۴	۲۹	س	۴	۰۷/۰۲	۱۷/۲۴	۰۷/۲۰	۱۸/۰۵	۰۷/۱۸	۱۷/۳۰	۰۷/۲۹	۱۷/۵۷	۰۷/۱۱	۱۷/۲۵	۰۷/۱۱	۱۷/۳۹
منگل	۱۹	۳	۵	۳۰	ن	۵	۰۷/۰۲	۱۷/۲۵	۰۷/۲۰	۱۸/۰۵	۰۷/۱۸	۱۷/۳۱	۰۷/۲۹	۱۷/۵۸	۰۷/۱۱	۱۷/۲۶	۰۷/۱۱	۱۷/۴۰
بدھ	۲۰	۴	۶	دلو	س	۶	۰۷/۰۱	۱۷/۲۶	۰۷/۲۰	۱۸/۰۶	۰۷/۱۸	۱۷/۳۲	۰۷/۲۸	۱۷/۵۸	۰۷/۱۰	۱۷/۲۷	۰۷/۱۱	۱۷/۴۱
جمعرات	۲۱	۵	۷	۲	ن	۷	۰۷/۰۱	۱۷/۲۷	۰۷/۲۰	۱۸/۰۷	۰۷/۱۷	۱۷/۳۳	۰۷/۲۸	۱۷/۵۹	۰۷/۱۰	۱۷/۲۸	۰۷/۱۱	۱۷/۴۲
جمعہ	۲۲	۶	۸	۳	س	۸	۰۷/۰۱	۱۷/۲۸	۰۷/۱۹	۱۸/۰۸	۰۷/۱۷	۱۷/۳۴	۰۷/۲۸	۱۸/۰۰	۰۷/۱۰	۱۷/۲۹	۰۷/۱۰	۱۷/۴۳
ہفتہ	۲۳	۷	۹	۴	س	۹	۰۷/۰۰	۱۷/۲۹	۰۷/۱۹	۱۸/۰۸	۰۷/۱۶	۱۷/۳۵	۰۷/۲۷	۱۸/۰۱	۰۷/۰۹	۱۷/۳۰	۰۷/۱۰	۱۷/۴۴
اتوار	۲۴	۸	۱۰	۵	س	۱	۰۷/۰۰	۱۷/۳۰	۰۷/۱۹	۱۸/۰۹	۰۷/۱۶	۱۷/۳۶	۰۷/۲۷	۱۸/۰۲	۰۷/۰۹	۱۷/۳۱	۰۷/۱۰	۱۷/۴۴
پیر	۲۵	۹	۱۱	۶	ن	۲	۰۶/۵۹	۱۷/۳۱	۰۷/۱۹	۱۸/۱۰	۰۷/۱۵	۱۷/۳۷	۰۷/۲۷	۱۸/۰۳	۰۷/۰۸	۱۷/۳۲	۰۷/۰۹	۱۷/۴۵
منگل	۲۶	۱۰	۱۲	۷	س	۳	۰۶/۵۹	۱۷/۳۲	۰۷/۱۸	۱۸/۱۱	۰۷/۱۵	۱۷/۳۸	۰۷/۲۶	۱۸/۰۴	۰۷/۰۸	۱۷/۳۳	۰۷/۰۹	۱۷/۴۶
بدھ	۲۷	۱۱	۱۳	۸	س	۴	۰۶/۵۹	۱۷/۳۳	۰۷/۱۸	۱۸/۱۲	۰۷/۱۴	۱۷/۳۹	۰۷/۲۶	۱۸/۰۵	۰۷/۰۷	۱۷/۳۴	۰۷/۰۸	۱۷/۴۷
جمعرات	۲۸	۱۲	۱۴	۹	ن	۵	۰۶/۵۸	۱۷/۳۴	۰۷/۱۸	۱۸/۱۲	۰۷/۱۴	۱۷/۴۰	۰۷/۲۵	۱۸/۰۵	۰۷/۰۷	۱۷/۳۵	۰۷/۰۸	۱۷/۴۸
جمعہ	۲۹	۱۳	۱۵	۱۰	س	۶	۰۶/۵۷	۱۷/۳۴	۰۷/۱۷	۱۸/۱۳	۰۷/۱۳	۱۷/۴۱	۰۷/۲۵	۱۸/۰۶	۰۷/۰۶	۱۷/۳۶	۰۷/۰۷	۱۷/۴۹
ہفتہ	۳۰	۱۴	۱۶	۱۱	س	۷	۰۶/۵۷	۱۷/۳۵	۰۷/۱۷	۱۸/۱۴	۰۷/۱۲	۱۷/۴۲	۰۷/۲۴	۱۸/۰۷	۰۷/۰۶	۱۷/۳۷	۰۷/۰۷	۱۷/۵۰
اتوار	۳۱	۱۵	۱۷	۱۲	ن	۸	۰۶/۵۶	۱۷/۳۶	۰۷/۱۶	۱۸/۱۵	۰۷/۱۲	۱۷/۴۳	۰۷/۲۴	۱۸/۰۸	۰۷/۰۵	۱۷/۳۸	۰۷/۰۶	۱۷/۵۱

کواکبی تقویم برائے ماہ جنوری 2010

صبح 5 بجے پاکستان کے وقت کے مطابق
ع سے مراد ''رجعت'' ہے

تاریخ	کواکبی وقت	قمر	شمس	عطارد	زہرہ	مریخ	مشتری	زحل	یورانس	نیپچون	پلوٹو	راس
01	م42 گ06	14 سرطان13	27 جدی10	ع00 جدی19	51 جدی07	ع49 اسد18	22 دلو26	30 میزان04	05 حوت23	35 دلو24	18 جدی03	ع38 جدی21
02	م46 گ06	18 سرطان28	28 جدی11	ع54 جدی17	06 جدی09	ع39 اسد18	34 دلو26	32 میزان04	07 حوت23	37 دلو24	21 جدی03	ع35 جدی21
03	م50 گ06	21 اسد13	29 جدی12	ع42 جدی16	22 جدی10	ع29 اسد18	46 دلو26	33 میزان04	09 حوت23	38 دلو24	23 جدی03	ع31 جدی21
04	م53 گ06	14 اسد28	30 جدی13	ع23 جدی15	37 جدی11	ع18 اسد18	58 دلو26	34 میزان04	10 حوت23	40 دلو24	25 جدی03	ع28 جدی21
05	م57 گ06	50 سنبلہ12	32 جدی14	ع03 جدی14	53 جدی12	ع06 اسد18	11 دلو27	35 میزان04	12 حوت23	42 دلو24	27 جدی03	ع25 جدی21
06	م01 گ07	05 سنبلہ27	33 جدی15	ع42 جدی12	08 جدی14	ع53 اسد17	23 دلو27	36 میزان04	14 حوت23	44 دلو24	29 جدی03	ع22 جدی21
07	م05 گ07	58 میزان10	34 جدی16	ع23 جدی11	24 جدی15	ع39 اسد17	36 دلو27	37 میزان04	15 حوت23	46 دلو24	31 جدی03	ع19 جدی21
08	م09 گ07	28 میزان24	35 جدی17	ع10 جدی10	39 جدی16	ع24 اسد17	48 دلو27	37 میزان04	17 حوت23	48 دلو24	33 جدی03	ع16 جدی21
09	م13 گ07	38 عقرب07	36 جدی18	ع03 جدی09	55 جدی17	ع09 اسد17	01 دلو28	38 میزان04	19 حوت23	50 دلو24	36 جدی03	ع12 جدی21
10	م17 گ07	28 عقرب20	37 جدی19	ع05 جدی08	10 جدی19	ع53 اسد16	14 دلو28	38 میزان04	21 حوت23	52 دلو24	38 جدی03	ع09 جدی21
11	م21 گ07	02 قوس03	38 جدی20	ع15 جدی07	26 جدی20	ع37 اسد16	27 دلو28	39 میزان04	23 حوت23	54 دلو24	40 جدی03	ع06 جدی21
12	م25 گ07	22 قوس15	40 جدی21	ع36 جدی06	41 جدی21	ع19 اسد16	40 دلو28	39 میزان04	25 حوت23	56 دلو24	42 جدی03	ع03 جدی21
13	م29 گ07	32 قوس27	41 جدی22	ع06 جدی06	57 جدی22	ع01 اسد16	53 دلو28	39 میزان04	27 حوت23	58 دلو24	44 جدی03	ع00 جدی21
14	م33 گ07	33 جدی09	42 جدی23	ع46 جدی05	12 جدی24	ع42 اسد15	06 دلو29	ع39 میزان04	29 حوت23	00 دلو25	46 جدی03	ع56 جدی20
15	م37 گ07	28 جدی21	43 جدی24	ع35 جدی05	28 جدی25	ع23 اسد15	19 دلو29	ع39 میزان04	31 حوت23	02 دلو25	48 جدی03	ع53 جدی20
16	م41 گ07	18 دلو03	44 جدی25	34 جدی05	43 جدی26	ع03 اسد15	32 دلو29	ع39 میزان04	33 حوت23	04 دلو25	50 جدی03	ع50 جدی20
17	م45 گ07	06 دلو15	45 جدی26	40 جدی05	59 جدی27	ع43 اسد14	45 دلو29	ع39 میزان04	35 حوت23	06 دلو25	52 جدی03	ع47 جدی20
18	م49 گ07	54 دلو26	46 جدی27	54 جدی05	14 جدی29	ع22 اسد14	59 دلو29	ع38 میزان04	38 حوت23	08 دلو25	54 جدی03	ع44 جدی20
19	م53 گ07	44 حوت08	48 جدی28	16 جدی06	30 دلو00	ع00 اسد14	12 حوت00	ع38 میزان04	40 حوت23	10 دلو25	56 جدی03	ع41 جدی20
20	م57 گ07	39 حوت20	49 جدی29	43 جدی06	45 دلو01	ع38 اسد13	26 حوت00	ع37 میزان04	42 حوت23	12 دلو25	58 جدی03	ع37 جدی20
21	م01 گ08	43 حمل02	50 دلو00	17 جدی07	00 دلو03	ع16 اسد13	39 حوت00	ع36 میزان04	44 حوت23	14 دلو25	00 جدی04	ع34 جدی20
22	م04 گ08	59 حمل14	51 دلو01	55 جدی07	16 دلو04	ع53 اسد12	53 حوت00	ع35 میزان04	47 حوت23	16 دلو25	02 جدی04	ع31 جدی20
23	م08 گ08	31 حمل27	52 دلو02	39 جدی08	31 دلو05	ع30 اسد12	06 حوت01	ع34 میزان04	49 حوت23	18 دلو25	04 جدی04	ع28 جدی20
24	م12 گ08	23 ثور10	53 دلو03	27 جدی09	47 دلو06	ع07 اسد12	20 حوت01	ع33 میزان04	52 حوت23	20 دلو25	06 جدی04	ع25 جدی20
25	م16 گ08	39 ثور23	54 دلو04	19 جدی10	02 دلو08	ع43 اسد11	34 حوت01	ع32 میزان04	54 حوت23	23 دلو25	08 جدی04	ع22 جدی20
26	م20 گ08	22 جوزا07	55 دلو05	14 جدی11	17 دلو09	ع19 اسد11	47 حوت01	ع31 میزان04	57 حوت23	25 دلو25	10 جدی04	ع18 جدی20
27	م24 گ08	31 جوزا21	56 دلو06	12 جدی12	33 دلو10	ع56 اسد10	01 حوت02	ع29 میزان04	59 حوت23	27 دلو25	12 جدی04	ع15 جدی20
28	م28 گ08	06 سرطان06	57 دلو07	13 جدی13	48 دلو11	ع32 اسد10	15 حوت02	ع28 میزان04	02 حوت24	29 دلو25	14 جدی04	ع12 جدی20
29	م32 گ08	03 سرطان21	58 دلو08	17 جدی14	03 دلو13	ع08 اسد10	29 حوت02	ع26 میزان04	05 حوت24	31 دلو25	16 جدی04	ع09 جدی20
30	م36 گ08	14 اسد06	59 دلو09	24 جدی15	19 دلو14	ع44 اسد09	43 حوت02	ع25 میزان04	07 حوت24	33 دلو25	18 جدی04	ع06 جدی20
31	م40 گ08	30 اسد21	00 دلو11	32 جدی16	34 دلو15	ع20 اسد09	57 حوت02	ع23 میزان04	10 حوت24	36 دلو25	19 جدی04	ع02 جدی20

داخلہ کواکب فی البروج

زہرہ در دلو: 18 جنوری رات 07-36
مشتری در حوت: 18 جنوری صبح 07-11
شمس در دلو: 20 جنوری صبح 09-29

رجعت و استقامت کواکب

زحل: رجعت در میزان: 13 جنوری شام 06-45
عطارد: استقامت در جدی: 15 جنوری رات 09-47

شرف و ہبوط کواکب

اوج مریخ: 30 دسمبر 2009 رات 10-46 تا 5 جنوری دوپہر 03-16
اوج قمر: 4 جنوری رات 10-42 تا 5 جنوری صبح 00-21
ہبوط قمر: 8 جنوری رات 06-44 تا 08-34
حضیض شمس: 9 جنوری دوپہر 02-21 تا 10 جنوری دوپہر 01-54
حضیض قمر: 19 جنوری صبح 05-32 تا 07-33
شرف قمر: 23 جنوری دوپہر 01-21 تا 03-13

ماہانہ قمری حالتیں

نصف چاند: 7 جنوری دوپہر 03-41
نیا چاند: 15 جنوری دوپہر 12-12
نصف چاند: 23 جنوری دوپہر 03-54
مکمل چاند: 30 جنوری صبح 11-19

کسوف و خسوف

قمری گرہن: ابتداء 31 دسمبر رات 10-12، مکمل یلم جنوری رات 00-14، خاتمہ رات 02-16

دبلا پن اور اس کا علاج

بدن کے مٹاپے کی طرح دبلا پن بھی ایک بیماری ہے۔ اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ اس بیماری کے شکار وہ خواتین اور مرد ہوتے ہیں جنہیں ذہنی اور اعصابی تناؤ کی شکایت ہوتی ہے۔ بعض خواتین اور نوعمر لڑکیاں خاص طور پر اس مرض میں مبتلا ہوتی ہیں۔ اگر وہ اپنے اعصابی تناؤ پر قابو پا لیں تو اس طرح ان کا حد سے زیادہ دبلا پن بھی دور ہو جائے گا اور بھوک بھی خوب محسوس ہونے لگے گی۔

ایسے خواتین و حضرات کے لیے تازہ ہوا میں ورزش کرنا سب سے بہتر ٹانک ہے۔ ورزش آپ کی بھوک میں اضافے کے ساتھ ساتھ دوران خون کو تیز کر دے گی۔ جب دوران خون بہتر ہوگا تو غذا کے غذائیت بخش اجزاء جسم کے خلیوں میں پہنچیں گے اور ان کی کارکردگی بہتر ہو گی۔

غذائیت بخش خوراک کا مفہوم صرف اچھے کھانوں تک ہی محدود نہیں ہے، بلکہ اس کا اصل مقصد یہ ہے کہ جو کچھ کھایا جائے، وہ اچھی طرح ہضم ہو اور اس سے توانائی حاصل ہو۔ ظاہر ہے کہ یہ مقصد بہتر دوران خون سے ہی حاصل ہو سکتا ہے۔ کھلی ہوا میں ورزش کرنے سے نظام ہضم کی خرابیاں دور ہو جاتی ہیں، تناؤ کم ہو جاتا ہے اور جب جسم ڈھیلا پڑ جانے کا عادی ہو جاتا ہے تو اس سے نیند خوب گہری آتی ہے۔

دبلے افراد کے جسمانی تناؤ کی ابتداء دن کے آغاز سے ہی ہو جاتی ہے۔ جلد بازی اور گھبراہٹ تناؤ پیدا کرتی ہے، جس سے جسم کے حرارے زیادہ جل جاتے ہیں اور بدن غیر معمولی طور پر لاغر ہو جاتا ہے۔ ایسی شکایت میں مبتلا افراد اپنے کام کاج سے فارغ ہونے کے بعد بھی عرصے تک تناؤ اور کھنچاؤ محسوس کرتے ہیں، کیوں کہ یہ ان کی عادت بن جاتی ہے۔

صبح بیدار ہو کر اپنے جسم کو خوب پھیلایئے۔ پھر اپنے دونوں ہاتھوں کو پورے طور پر پھیلا کر خوب لمبا اور گہرا سانس لیجیے اور ہاتھوں کو اپنی اصلی حالت پر لے جایئے۔ ایڑیاں اٹھایئے اور پھر ہاتھوں کو خوب پھیلا کر لمبا سانس لیجیے۔ کچھ دیر تک اسی طرح کیجیے۔

ابتداء میں اپنے ناشتے کی مقدار تھوڑی کر دیجیے۔ مثال کے طور پر چائے صرف ایک پیالی پئیں اور اس کے ساتھ کوئی دانے دار اناج کی بنی ہوئی چیز مثلاً دلیا کھایئے۔ تھوڑے دن بعد جب آپ کو خوب بھوک محسوس ہونے لگے تو طاقت ور ناشتے کا لطف اٹھایئے جس میں پھلوں کا رس، کچھ سالم اناج، دلیا، ایک انڈا، چائے یا دودھ شامل ہوں۔

اگر آپ کسی دفتر، تعلیمی ادارے یا کارخانے میں ملازم ہیں تو صبح صبح چہل قدمی اور ہوا خوری سے فائدہ اٹھایئے۔ روزانہ کم سے کم بیس منٹ تک ٹہلیے۔ اپنے معمولات کو تبدیل کرتے رہیے، کیوں کہ یکسانیت اور یک رنگ زندگی

آپ کی آراء اور مضامین

راہنمائے عملیات کے بارے میں اپنی رائے یا مشورہ یا مضمون آپ ہمیں درج ذیل ای میل کے ذریعے بھی ارسال کر سکتے ہیں۔

email:kirathor@yahoo.com

خطرناک طور پر بے کیف ہو جاتی ہے۔ آپ کے وزن کی مسلسل کمی آپ کے بڑھتے ہوئے جسمانی تناؤ کی وجہ سے ہو تو اپنا جسمانی تناؤ دور کرنے کی کوشش کریں۔

تناؤ دور کرنے اور جسم کو ڈھیلا چھوڑ دینے کا ایک کامیاب طریقہ یہ ہے کہ کھانا کھانے کے بعد تھوڑا ان وقت ضرور ستائیے۔ اکثر پریشانی اور اضطراب، نقص تغذیہ کا باعث ہوتا ہے۔ کم سے کم کھانے کے وقت اپنے ذہن کو پریشانیوں سے آزاد رکھیے۔ سوچئے کہ زندگی بہت پُرلطف ہے۔

اگر آپ کھانے کھانا میں جلدی کرنے کے عادی ہیں تو اپنی اس عادت کو بدلیے۔ بہت آہستہ آہستہ کھانا کھانے کی عادت ڈالیے اور بہت آہستہ بولیے۔ متواتر باتیں کرنے سے بھی تناؤ پیدا ہوتا ہے۔ اپنے دوپہر کے کھانے میں ایک گلاس خالص دودھ ایک سلائس اور مکھن کا اضافہ کیجیے۔

صبح کا ناشتا واقعی بڑی اہم چیز ہے۔ اس بارے میں ماہرین کی ایک تین سالہ تحقیق سے یہ نتیجہ برآمد ہوا ہے کہ صبح کا ناشتہ کسی انسان کی دن بھر کی ایک چوتھائی سے لے کر دو تہائی غذائی ضرورت پوری کرتا ہے۔ بعض پڑھی لکھی خواتین صرف چائے سے ناشتا کرتی ہیں۔ اس سے تھوڑی دیر کے لیے غیر معمولی پھرتی اور توانائی تو ضرور محسوس ہوتی ہے، مگر نتیجے کے طور پر جلد ہی کمزوری دور ماندگی و بے چینی اور جسمانی انحطاط بھی ظاہر ہونے لگتا ہے۔ لاغر خواتین و حضرات

تندرستی ہزار نعمت ہے، کھائیے مگر دھیان سے! نہ کم نہ زیادہ۔

کے لیے اس قسم کا ناشتا ان کی بھوک مار کر خوراک کی مقدار کم کر دیتا ہے، جس سے وہ متواتر کم وزنی کے مرض میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔

کیا آپ محسوس کرتے ہیں کہ آپ کا تناؤ کاموں اور تفکرات کے دباؤ کی وجہ سے ہے؟ اگر ایسا ہے تو صبح بستر سے بیس منٹ پہلے اٹھ جائیے اور اس طریقے کو آزمائیے۔ بہت آہستہ آہستہ ناشتا کیجیے اور اس پر کم سے کم پندرہ منٹ صرف کیجیے۔ پھر جسم کو ڈھیلا چھوڑ کر اپنے آپ کو دن کے کام کاج کے لیے تیار کیجیے۔ اگر روزمرہ کے معمولات میں ذرا سی بھی تبدیلی کر دی جائے تو اس سے بھی تناؤ دور کرنے میں مدد ملے گی۔

کیا دو وقت کے کھانے کے درمیان معمولی ناشتا کرنا مفید ہو گا؟ دو کھانوں کے درمیان ایسا ہلکا پھلکا ناشتا کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ ایسے ناشتے میں وہ چیزیں کھائی جائیں جو بہت آسانی سے اور جلدی ہضم ہو سکیں، جیسے دودھ، پھلوں کا رس یا انڈا وغیرہ۔ کینو کے رس میں کچا انڈا پھینٹ کر شامل کر کے پینا بڑا قوت بخش ناشتا ہوتا ہے۔ جہاں تک ہو سکے دو کھانوں کے درمیان بادی، ثقیل اور دیر ہضم چیزیں نہ کھائی جائیں، مثلاً مٹھائیاں، تلی ہوئی اشیا اور زیادہ شکر اور نشاستے دار غذائیں، کیوں کہ ان سے بھوک مر جاتی ہے۔ بستر پر لیٹنے سے پہلے ایک گلاس گرم دودھ اچھی نیند لانے کے لیے مفید ہوتا ہے۔

آخر میں یہ کہنا ضروری ہے کہ دبلے پتلے افراد کا اصل مسئلہ بڑی حد تک ذہنی اور نفسیاتی ہوتا ہے اور اسے حل کرنے کا دارومدار زیادہ تر عادت کی تبدیلی اور جذبات میں توازن برقرار رکھنے پر ہوتا ہے۔

گھبراہٹ، حد سے زیادہ جلد بازی اور چڑچڑاپن نہ صرف جسم کے حرارے زیادہ جلا ڈالتا ہے، بلکہ رفتہ رفتہ نظام ہضم اور جسم پر بھی ناخوشگوار اثر ڈالتا ہے۔ جب یہ صورت پیدا ہو جاتی ہے تو پھر جسم کا دبلا پن ایک باقاعدہ مرض کی صورت اختیار کر لیتا ہے۔ اس وقت محض غذائی تدبیریں کام نہیں دیتیں۔

تناؤ محسوس کرنے کی عادت ترک کرنے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ جب کبھی آپ کسی کام کے دوران میں یا کسی سے بات کرتے ہوئے تناؤ محسوس کریں تو اپنے ماتھے کی شکنیں ہٹا کر ذرا آرام سے کھڑے ہو کر یا بیٹھے ہوئے لمبے لمبے سانس لیجیے اور اپنے جسم کو ڈھیلا چھوڑ دیجیے۔ ہر کام اطمینان سے کیجیے اور جلد بازی کو پاس نہ آنے دیجیے۔ یہ کشیدگی اور تناؤ آپ کی تندرستی کے دشمن ہیں، انہیں اپنے اوپر غالب آنے کا موقع نہ دیجیے۔

☆☆☆☆☆

قسط 8

طب نبوی

چھوٹے امراض سے بڑے امراض کا کفارہ

علاج:

صاحب جامع کبیر نے ایک حدیث نقل کی ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ چار چیزوں کے لیے چار چیزوں کو برا نہیں سمجھنا چاہیے:

01- آنکھ کا دُکھنا اندھے ہونے سے محفوظ رکھتا ہے۔

02- زکام کا ہونا برص کے روگ سے نجات دیتا ہے۔

03- کھانسی کے ہونے سے فالج سے حفاظت رہتی ہے۔

04- پھوڑے پھنسی ہو جانے سے برص سے حفاظت ہو جاتی ہے۔

فائدہ:

مطلب اس حدیث کا یہ ہے کہ اگر کبھی کبھی یہ چار بیماریاں ہو جایا کریں تو ان کو برا نہیں سمجھنا چاہیے، کیونکہ ان کے ہونے سے مہلک اور بڑی بیماریوں سے نجات رہتی ہے۔

"طب نبوی صلی اللہ علیہ وسلم" صحت و علاج کے حوالے سے ایک خاص اور نمایاں موضوع ہے۔ مضامین کا یہ سلسلہ قرآنی آیات اور احادیث نبوی ﷺ کے حوالے سے راہنمائی کرے گا۔

جسمانی امراض اور لہسن کے خواص

علاج:

امام جلال الدین سیوطیؒ نے جمع الجوامع میں دیلمیؒ سے ایک روایت نقل کی ہے۔ دیلمیؒ نے حضرت علیؓ سے حدیث نقل کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے لوگو لہسن کھایا کرو اور اس سے علاج کیا کرو، کیونکہ اس میں بیماریوں سے شفا ہے۔

فائدہ:

اس حدیث کی صحت میں اگرچہ علماء کو کلام ہے مگر اطباء کے نزدیک لہسن میں بہت فوائد ہیں، یہ ورم کو تحلیل کرتا ہے، حیض کھول دیتا ہے۔ پیشاب جاری کرتا ہے۔ سُدّوں کو کھول دیتا ہے معدہ کا تعفن دور کرتا ہے۔ معدے کی جلا کرتا ہے، معدے کی رطوبت خشک کرتا ہے، خون کو رقیق کرتا ہے۔ معدے سے ریاح کو نکالتا ہے، آواز صاف کرتا ہے، غلیظ اخلاط کا قاطع ہے۔ درد قولنج ریاحی کے لیے مفید ہے۔ نسیان کو ختم کرتا ہے۔ طحال کے لیے مفید ہے۔ کمر کے ریاحی درد کو ختم کرتا ہے۔ مرطوب مزاج والوں کی قوت باہ پیدا کرتا ہے۔ منی کو زیادہ کرتا ہے۔ گرم مزاج والے کی منی کو خشک کرتا ہے۔ درد معدہ اور دردِ مفاصل کو بہت فائدہ دیتا ہے۔ پیٹ کے کیڑے مار ڈالتا ہے۔ بلغم کی وجہ سے پیاس ہو تو اس کو بجھا دیتا ہے۔ چہرے پر رعنائی پیدا کرتا ہے۔ ضیق النفس، فالج اور رعشہ کو فائدہ کرتا ہے۔ گُردے کی پتھری کو دفع کرتا ہے، اس کو جوش دے کر کلی کرنے سے دانت مضبوط کرتا ہے، زیادہ کثرت سے خون کو جلاتا ہے۔ بواسیر کے لیے مُضر ہے، حاملہ عورت کے لیے نقصان دِہ ہے، صفرا پیدا کرتا ہے، نگاہ کو کمزور کرتا ہے۔ دودھ میں ملا کر اس کا لیپ دُنبل کو پھوڑ دیتا ہے۔ نوشادر کے ساتھ ملا کر برص پر لگانے سے برص جاتا رہتا ہے۔ خصیہ پر ورم ہو تو اس کا لیپ مفید ہے۔ ان سب فوائد کے باوجود اس کا زیادہ استعمال بلاضرورت اچھا نہیں، کیونکہ فرشتوں کو اس کی بُو سے نفرت ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ اس کو کچا کھا کر مسجد میں نہ جایا کرو۔

دھوپ کا گرم پانی برص پیدا کرتا ہے

علاج:

امام جلال الدین سیوطیؒ نے لکھا ہے کہ حضرت عمرؓ نے فرمایا ہے کہ دھوپ کے گرم پانی سے غسل نہیں کرنا چاہیے، کیونکہ یہ برص پیدا کرتا ہے۔

خارش کا علاج

علاج:

بخاری و مسلم نے حضرت انسؓ ابن مالکؓ سے روایت کی ہے کہ انس فرماتے ہیں کہ حضرت عبدالرحمانؓ اور حضرت زبیر ابن العوامؓ کے جسم میں خارش پیدا ہوگئی جس کی وجہ سے یہ دونوں حضرات سخت پریشان تھے۔ اس حالت میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان حضرات کو ریشمی کپڑا پہننے کی اجازت عطا فرمائی، اور مسلم کی بعض روایات میں ہے کہ کسی جنگ کے موقع پر آنحضرت کی خدمت میں جوئیں پڑ جانے کی شکایت کی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو مجبوری کی حالت میں ریشمی کرتہ پہننے کی اجازت عطا فرمائی۔

فائدہ:

اس حدیث سے دو باتیں ثابت ہوئیں ایک تو یہ کہ ریشمی کپڑا مردوں کے لیے حرام ہے کیونکہ اگر حرام نہ ہوتا تو خصوصی اجازت کی کیا ضرورت تھی۔ دوسری بات یہ معلوم ہوئی کہ مجبوری کی حالت میں حرام چیز بھی حلال ہو جاتی ہے۔ اس کے علاوہ ایک بات یہ بھی معلوم ہوئی کہ ریشم خارش کے لیے مفید ہے۔ کیونکہ ریشم سے قلب کو قوت اور فرحت حاصل ہوتی ہے اور امراض سوداوی کو دفع کرتا ہے اور صاحب موجز نے لکھا ہے کہ ابریشم کی تاثیر گرم ہے اور یہ مفرح ہوتا ہے اور ریشمی کپڑا جوں کو دفع کرتا ہے۔

ذات الجنب کا علاج

علاج:

(ذات الجنب پہلو اور پسلی کے درد کو کہتے ہیں)۔ ترمذی نے حضرت زید بن ارقمؓ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ اے لوگو! ذات الجنب کا علاج قسط بحری اور زیت سے کرو۔

فائدہ:

معلوم ہونا چاہیے کہ قسط بحری کی دو قسمیں ہیں ایک قسم شیریں ہے اور یہ سفید ہوتا ہے۔ دوسرا تلخ ہے اس کا رنگ سیاہ ہوتا ہے اور ذات الجنب کی بھی دو قسمیں ہیں۔ ایک تو یہ ہے کہ سینہ میں ورم ہوتا ہے یہ ورم پہلے عضلات میں ہوتا ہے پھر اندر سے ظاہر میں آ جاتا ہے۔ یہ قسم خطرناک ہوتی ہے اور اس کی علامت یہ ہے کہ اس سے بخار، کھانسی اور ضیق النفس پیدا ہو جاتا ہے اور درد ناخس بہت ہوتا ہے، ذہن مختل ہو جاتا ہے اور پیاس کا شدید غلبہ ہوتا ہے۔ ذات الجنب کی دوسری قسم یہ ہے کہ ریح کے بند ہو جانے کی وجہ سے پہلو میں

ایک قسم کا درد ہوتا ہے، قسط بحری اسی درد کا علاج ہے اس کے استعمال کا طریقہ یہ ہے کہ قسط بحری کو پیس کر زیتون کے تیل میں ملالیں اور درد کی جگہ پر ملیں اور اس میں سے کئی بار تھوڑا تھوڑا چاٹ لیں تو انشاء اللہ اس درد کے لیے مفید ہوگا۔

اور اگر ذات الجنب کی پہلی قسم ہو جس کی علامات اوپر گذری ہیں اور جو بلغم کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے تو یہ علاج اس کے لیے بھی مفید ہے، لیکن اگر ورم صفراوی یا دموی ہو تو اس کے لیے یہ علاج مفید نہیں ہوگا۔

ایک حدیث میں ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایک بار بیمار ہو گئے گھر کے لوگوں نے سمجھا کہ آپ کو ذات الجنب کا مرض ہے، اس لیے قسط اور زیتون کا تیل آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے منہ میں ڈالنے لگے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اشاروں سے منع فرمایا لیکن کسی نے آپ ﷺ کی بات نہ سمجھی۔ پھر جب آپ کو افاقہ ہوا تو دریافت فرمایا کیا تھا؟ لوگوں نے جواب دیا قسط اور زیتون تھا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آپ لوگ میرے مرض کو ذات الجنب سمجھے حالانکہ اللہ تعالیٰ مجھے اس مرض سے محفوظ رکھے گا اور فرمایا کہ جس نے میرے منہ میں یہ دوا ڈالی ہے اُس کے منہ میں بھی یہ دوا ڈالی جائے گی۔

فائدہ:

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جس شخص کو طب و حکمت سے پوری واقفیت نہ ہو تو وہ ہرگز علاج نہ کرے کیونکہ اگر کسی کو نقصان ہو گیا تو اس پر ضمانت لازم آئے گی۔ اور صاحب سفر السعادت نے عمر بن العاصؓ سے مرفوعاً روایت کی ہے۔ جو شخص نادانی سے علاج کرے اور علاج سے واقف نہ ہو تو وہ ضامن ہے۔

علماء لکھتے ہیں کہ اگر کوئی غیر طبیب نادانی سے علاج کرے اور مریض مر جائے تو اس پر ضمانت لازم ہے اور اگر کسی کے علاج کے لیے دو حکیم جمع ہو جاتے ہیں تو آپ ﷺ کا ارشاد ہوتا کہ دونوں میں سے جو ماہر اور حاذق ہو وہ علاج کرے اور اگر نادانی سے علاج کی وجہ سے کوئی ہلاک ہوگا تو اس پر ضمانت لازم ہوگی۔ یہ جو تفصیل لکھی گئی ہے یہ اس حدیث کا ماحصل ہے جو حضرت امام مالکؒ نے اپنی کتاب موطاء میں بیان کیا ہے، جو شخص چاہے موطاء میں دیکھ سکتا ہے۔

سر کے درد کا علاج اور مہندی کے خواص

علاج:

ابن ماجہ میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سر میں جب درد ہوتا تھا تو آپ ﷺ سر پر مہندی کا لیپ کیا کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ بے شک اللہ تعالیٰ کے حکم سے فائدہ کرے گی۔

فائدہ:

یہ علاج اس درد کا ہے جو دموی نہ ہو اور اگر دموی ہو، خون کی وجہ سے تو اس کا علاج پچھنے لگوانا ہے۔

ابوداؤد میں ہے کہ جس شخص نے بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے درد کی شکایت کی تو اس کو آپ نے پچھنے لگوانے کا حکم فرمایا اور جس شخص نے پیٹ کے درد کی شکایت کی اس کو آپ نے مہندی کا لیپ کرنے کے لیے فرمایا اور جامع ترمذی میں ام رافعؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے جب کبھی پھوڑا یا پھنسی ہو جاتی یا کانٹا لگ جاتا تو آپ ﷺ اس پر مہندی لگایا کرتے تھے۔

فائدہ:

اطباء نے لکھا ہے کہ مہندی سُدوں کو اور رگوں کے منہ کو کھول دیتی ہے۔ اسی لیے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پیٹ کے درد میں اس کا لیپ کیا ہے اور مہندی کی خاصیت یہ ہے کہ رطوبات فاسدہ کو خشک کرتی ہے۔ اگر سات مثقال شکر کے ساتھ اس کو کھایا جائے تو ابتدائی جذام کو مفید ہے اور بعض اطباء نے یہاں تک لکھا ہے کہ اگر ایک ماہ تک اسی طرح مہندی سات مثقال شکر کے ساتھ کھائے اور ابتدائی جذام نہ جائے تو پھر اس کا مطلب یہ ہے کہ مرض لاعلاج ہو چکا ہے۔ اگر کسی شخص کے ناخن گر گئے ہوں تو مہندی کا پانی نتھار کر دس مثقال دس روز تک پئے تو انشاء اللہ تعالیٰ اصلی ناخن پیدا ہو جائیں گے اور اس کا لیپ پیشاب کے بند کو کھول دیتا ہے اور اگر آدھا مثقال پیس کر اس کو پئے تو قولنج کو دفع کرتا ہے اور سنگ مثانہ و گردہ کے لیے بھی مفید ہے اور اگر آبلہ پر لگایا جائے تو آبلہ پھوٹ جاتا ہے اور اگر منہ میں زخم ہو جائیں تو اس کی کلیاں کرنا بہت مفید ہے اور زانو کے درد کے لیے اس کا لیپ بھی مجرب ہے۔

جاری ہے......

برج جدی

سمعیہ راٹھور

عرصہ	21دسمبر تا20 جنوری
حروف	ج، خ، گ
حاکم کوکب	زحل
عنصر	خاکی
ماہیت	منقلب
حصہ جسم	گھٹنے
موافق نگینہ	موتی، یاقوت، حجر القمر
موافق دن	ہفتہ
موافق نمبر	8
موافق رنگ	ارغوانی، بنفشی، سبز
موافق پھول	کارنیشن
موافق شریک کار	سرطان
موافق افراد	عقرب، حوت
ناموافق افراد	حمل، میزان
بائیو کیمک نمک	کلکیر یا فاس

ظاہری شخصیت

برج جدی سے تعلق رکھنے والے افراد اکثر اوقات لمبی قدرے پتلی گردن کے مالک ہوتے ہیں۔ غزالی آنکھوں اور خوبصورت چہرے کے مالک ہونے کے ساتھ ساتھ متناسب چھاتی کے مالک ہوتے ہیں۔ دلکش و پتلا چہرہ اور لمبی ناک، واضح ابرو اور کچھ حد تک جھکے ہوئے کندھے۔ جدی لوگ شرمیلے واقع ہوئے ہیں۔ کم از کم پہلی ملاقات میں وہ کسی کو متاثر نہیں کر سکتے۔ بلکہ پہل کی توقع ہمیشہ دوسرے سے رکھتے ہیں۔ اکثر جدی نوعمری ہی سے اپنی شخصیت کو جدا رنگ دینے کی عادت ڈال لیتے ہیں۔ اردگرد کا ماحول، اس کی تبدیلیوں کو جلد سمجھ لینے کی صلاحیت رکھتے ہوئے بہتر شعوری آگاہی کا ثبوت دیتے ہیں۔ اکثر جدی افراد متجسس قسم کی طبیعت کے مالک ہوتے ہیں۔ لوگوں میں آکر وہ اس شخص کی طرف زیادہ راغب رہتے ہیں۔ جس نے محنت و ہمت سے بلند مقام حاصل کیا ہو۔ کبھی اپنے مقصد سے نہیں ہٹتے چاہے جو بھی ہو جائے کیونکہ جدی کے مطابق یہ جو کرتے ہیں بس کرتے ہیں، ضروری نہیں کہ وہ اپنی ہر بات اور عمل کی وضاحت یا نسبت بیان کریں۔ وہ کامیابی کے اعلیٰ ترین مقام کو پانا چاہتے ہیں ورنہ اپنا وجود بے سود سمجھتے ہیں۔ ان کی کوشش یہ بھی ہوتی ہے کہ چاہے چلے درجے پر ہوں یا اعلیٰ مقام پر ایسے کام کرتے رہیں جن سے شہرت ملے اور یہ لوگوں میں پہچانے جائیں۔ سب سے بات کرتے وقت مکمل ہمدردی و تعاون کا یقین دلاتے ہیں۔ ان کی باتوں سے مضبوط قوت ارادی جھلکتی ہے۔ اور ساتھ ہی ساتھ ان کے سینے میں چھپے تو ہمات اور ان دیکھے خوف بھی ان کی کامیابیوں کی راہ میں حائل ہونے کا اشارہ دیتے ہیں۔ جدی لوگ ہمیشہ بن سنور کر رہتے ہیں کیونکہ نازک اور جوان نظر آنا چاہتے ہیں۔ انہیں سب سے زیادہ اپنے بالوں کی فکر کرنی چاہیے۔

زندگی کے متعلق نقطہ نظر

جدی افراد کا علامتی نشان بکری ہے۔ روایتاً یہ بکری انسان کی تہذیب و تمدن کی تعلیم کی علم بردار ہے۔ یوں تو ہر سیارہ کے تحت آنے والے افراد کو ہم دو اقسام میں تقسیم کر سکتے ہیں۔ سعد اور نحس حالات انہیں اچھا یا برا، کامیاب یا ناکام کی فہرست میں لا کھڑا کرتے ہیں۔ جدی افراد عموماً ہر کام سنجیدگی سے لیتے ہیں۔ انہیں کسی کام کی جلدی نہیں ہوتی۔ حالات کا خاموشی سے جائزہ لیتے ہوئے عملی اقدام کرتے ہیں۔ چاہے وہ رشتہ داری ہو، روزگار یا محبت، جذباتی نہیں ہوتے بلکہ ہر ممکن طریقے سے سوچ بچار، افہام و تفہیم اور متحمل مزاجی کا ثبوت دیتے ہیں۔ برج جدی میں زحل کا اثر باعث رکاوٹ ہے۔ جس میں انسان کو اس کی محنت کا پھل صبر کرنے پر ملتا ہے۔ لیکن اگر محنت لگن سے اور سچے جذبے سے کی گئی ہو تب۔ جدی افراد کسی حد تک تنگ نظری، جبر اور نکتہ چینی کا شکار بھی ہوتے ہیں۔ روایت کو پلو سے باندھ کر زمانہ جدید سے گزرنے کا خواب انہیں منتشر کر سکتا ہے۔ منزل نظر آنے کی صورت میں وہ ہم سفر کو سرِراہ چھوڑ کر جا سکتے ہیں۔ احساس ذمہ داری انہیں مصروف رکھتا ہے۔ بعض اوقات اپنی مصروفیات دفتر سے گھر تک منتقل کر سکتے ہیں۔ کیونکہ یہ گھر کو ایک مکمل آرام گاہ اور پُرتحفظ مقام سمجھتے ہوئے جو بھی چاہیں، کرنا چاہتے

ہیں۔ بہتر ہے کہ استاد، سیاستدان یا سرکاری افسر بننے کی کوشش کریں۔ لیکن جیسا کہ آپ جانتے ہیں انسان کو اتنا ہی ملتا ہے جتنی وہ کوشش کرے۔ جدی سعد حالت میں سیاسی معاملات میں کامیاب رہتا ہے اور ذمہ دار ثابت ہوتا ہے۔ نحس حالات میں جدی افراد مقصد حیات میں مشکلات، تشویش اور رکاوٹ کا شکار ہوتے ہیں۔

دانشمند طاقتور

جدی کی ڈرامائی تبدیلیاں وحادثات اکثر دیکھنے میں آتے ہیں۔ خاص طور پر خواتین ہر شعبہ ہائے زندگی میں اپنی مہارت چاہتی ہیں۔ اور اپنی ذہانت سے کام لیتے ہوئے کامیابی کی ہر سیڑھی عبور کرتی جاتی ہیں۔ قریبی دوست بعض اوقات انہیں ان کی بے وقوفیوں کا احساس دلاتے رہتے ہیں۔ اگر یہ بے بنیاد خوفوں سے نجات حاصل کرلیں تو عظیم قوت برداشت میں روحانی پاکیزگی انہیں کامیابی سے ہمکنار کرتی ہے۔

ہوس زر

جدی کا مادہ خاکی ہے جو مادہ پرستی کا نمائندہ ہے۔ احساس غربت آپ کی تمام خوبیوں پر پانی پھیر دیتا ہے۔ خود کو ہر لمحہ غریب، بے سہارا، عزدہ سمجھنا چھوڑ دیں۔ اس کے علاوہ انا پرستی چھوڑ دیں کیونکہ ہر ایک اپنا نقطہ نظر رکھتا ہے اسے اپنے تابع کرنے کا خیال اور دوسروں کو حقیر سمجھنا چھوڑ دیں۔

فولادی قوت ارادی

جدی اپنا ساتھی خود ہوتا ہے۔ جس کا نعرہ ہے میں ہرفن مولا ہوں، انتہا پسند اور کفایت شعاری کا مظاہرہ کرتا ہے۔ کم پیسوں میں بھی خاموشی سے سختی جھیلنا اور اُس کے ساتھ دوسری پریشانیوں کو پوشیدہ رکھنا بھی اس کی صفت ہے۔

فکر انگیز پہلو

جدی افراد کے لیے سب سے پہلی بات یہ کہ آپ جہاں بھی ہوں، جس فیلڈ میں بھی ہوں ہمیشہ دوسروں کو ڈکٹیٹ کرنا چاہتے ہیں۔ تعمیل خواہش نہ ہونا دوسروں کے لیے آپ کو خود غرض بنا دیتا ہے۔ اس رویے کو کنٹرول کریں کیونکہ اپنی خواہشات پوری کرنا ہر مخلوق خدا کا حق ہے آپ کسی پر حکومت کر کے اسے اپنی مرضی پر نہیں چلا سکتے۔ دوست اور دشمن کی پہچان کریں۔ ہر ایک پر خواہ مخواہ اعتبار بھی نہ کر بیٹھیں بہت نقصان ہو سکتا ہے۔ آپ کی عادت ہے کہ اپنی کمزوریاں، پریشانیاں مالی یا معاشی مشکلات فوراً دوسروں سے ڈسکس کرنے لگتے ہیں۔ یہ کوئی اچھی عادت نہیں ممکن ہے سامنے والا آپ کو بظاہر ہمدرد دکھائی دے لیکن مشورہ ایسا دے کہ جس میں اس کا اپنا زیادہ فائدہ ہو۔ سمارٹ رہنے اور اپنی حیثیت سے بڑھ کر نظر آنے کی کوشش تو آپ کرتے ہی ہیں۔ اپنے اندر ایسے اوصاف پیدا کریں جو پہلی ملاقات کے بعد موثر اثرات چھوڑ کر جائیں۔ ہر معاملے میں دوسروں سے پہل کی توقع کرنا چھوڑ دیں اگر آپ اپنا ہاتھ نہیں بڑھانا چاہتے اور اگر چاہتے بھی ہیں لیکن عملی اقدام نہیں کرتے تو پھر کوئی اور بھی آپ کو نہیں پوچھتا۔ ایک اور خاص بات اپنے اندر کے بے جا خوف نکال دینا بہتر ہے۔ مثلاً آپ کے پاس اچھا خاصہ پیسہ ہے لیکن دل میں احساس غربت یا احساس کمتری ہے۔ اپنے آپ کو اور اپنی دولت کو پوشیدہ رکھنے کا خیال ہے تو وہ دولت آپ کے کسی کام کی نہ رہے گی۔ اس برج کے لوگوں میں زیادہ تر جلدی امراض اور بدہضمی وگھٹنوں وغیرہ کا درد ہوتا ہے۔ اس لیے انہیں احتیاط کرنی چاہیے۔

جدی خواتین

جدی خواتین کی شخصیت اس لحاظ سے منفرد ہوتی ہے کہ وہ صرف بحیثیت انسان سب کچھ کرگزرنا چاہتی ہے۔ عورت کے نام پر دی گئی رعایت اسکی بھرپور، فعال اور بامعنی زندگی میں کوئی اہمیت نہیں رکھتی۔ جدی دلکش اور متوازن شخصیت ہونے کے ناطے کبھی بھی اپنے آپ کو کمزور یا ناتواں یا دوسرے نمبر کی مخلوق تصور نہیں کرتی۔ وہ جو ہے ہمیشہ اس سے بڑھ کر نظر آنا چاہتی ہے۔ بحیثیت بیوی بھی کامیاب اور متحرک خاوند کو پسند کرتی ہے۔ ضرورت پڑنے پر گھر سے نکل کر کمانا اس کے لئے معیوب نہیں ہوتا۔ لیکن پھر بھی وہ ہمیشہ اپنے گھر اور خاندان کو اولیت دیتی ہے۔ ہر ایک کے دکھ درد کو اپنے دکھ کی طرح محسوس کرتی ہے۔ کسی حاجت مند کی مدد کر کے روحانی خوشی حاصل کرتی ہے۔ اکثر اوقات انہیں یہ احساس ستاتا رہتا ہے کہ شاید وہ عدم تحفظ کا شکار ہیں۔ اسی لیے دوسروں پر اعتماد مشکل سے کرتی ہیں۔ ہر لمحہ اپنے لئے ایک سادی سی بات کو بھی مسئلہ بنائے رکھتی ہیں۔ کہیں ایسا نہ ہو جائے کہیں ویسا نہ ہو جائے۔ ذہنی پریشانی انہیں مزاح سے مکمل طور پر لطف اندوز نہیں ہونے دیتی۔ اپنے خطرات وواہمے تو بچوں کو منتقل کر دیتی ہے لیکن جذبات و احساسات کی منتقلی میں ناکام رہتی ہے۔ اپنے اوپر سنجیدگی کا غلبہ رکھنے کی کوشش نقصان دہ ثابت ہوتی ہے۔ مجموعی طور پر اچھی مائیں اور ازدواجی زندگی میں الجھنیں پیدا کرتی رہتی ہیں۔

جدی مرد

جدی مرد ایک حصار میں قید ہوتا ہے جس کے اندر گھسنے اور باہر جانے کی اجازت وہ کسی کو دیتا ہے۔ جدی بظاہر پرسکون اور بے پرواہ نظر آئے گا۔ لیکن ہمیشہ اپنی مردانہ وجاہت اور ذہانت کی تعریف کا منتظر رہتا ہے۔ اپنے جذبات پر حد درجہ کنٹرول اس کی خاص صفت ہے۔ کسی کے ساتھ ناانصافی یا زیادتی نہیں کرنا چاہتا۔ چاہے امیر ہو یا غریب کفایت شعار ہوتے ہیں۔ اپنے ماضی پر ہمیشہ فخر کرتے ہیں ہر لمحہ ہر قدم قدیم روایات کی روشنی میں اٹھانا چاہتے ہیں۔ عام طور پر جدی مرد محبت کے جذبے سے یکدم مغلوب ہونے کی بجائے سوچ سمجھ کر قدم بڑھاتے ہیں اور مکمل وفادار ہوتے ہیں لیکن اگر کبھی بھی انہیں محسوس ہو کہ ان سے بے رخی برتی جارہی ہے تو خاموشی سے تعلق ختم کر لیتے ہیں۔ جدی افراد صحت کے اعتبار سے بھی خوش قسمت ہوتے ہیں۔ اپنی عمر سے زیادہ پختہ نظر آتے ہیں۔ جو بھی کام کرتے ہیں یہ سوچ کر کہ آمدن ٹھیک ٹھاک ہو اور وہ اپنی خوبیوں ومہارتوں کا احساس دوسروں کو بھی دلوا سکیں۔ جدی سیر وتفریح اور خاص طور پر پہاڑی مقام بہت پسند کرتے ہیں۔ ان کی ملکیت میں سے کوئی چیز شیئر کرنے کی خواہش انہیں

کچھ خاص خوش نہیں کرتی۔ گھریلو ماحول میں بہتری یا خوشگواری کی بات ہو تو بھی یہ سامنے آنے کی زیادہ کوشش نہیں کرتے۔ لیکن گھر ان کے نزدیک مکمل آرام گاہ اور پُر تحفظ مقام ہے۔ اپنی جان سے بہت محبت کرتے ہیں۔ بہترین شوہر اور محبت کرنے والے باپ ثابت ہوتے ہیں۔

جدی بچہ

عموماً اپنی عادات، ذہانت اور بول چال سے دوسرے بچوں کی نسبت عمر سے بڑے محسوس ہوتے ہیں اسی لیے والدین کے لئے باعث پریشانی بن جاتے ہیں۔ ان کی قوت ارادی اور خارجی و داخلی ماحول کو جانچنے کی صلاحیت دوسروں کو حیران کر دیتی ہے۔ اور وہ خود بھی ہم عمروں کی بجائے بڑوں میں وقت گزارنا چاہتے ہیں۔ انہیں اگر ایک مرتبہ روزمرہ معمولات سمجھا دیے جائیں تو والدین بے فکر ہو جاتے ہیں۔ سکول سے بالکل نہیں گھبراتے۔ اساتذہ سے نت نئے سوال کرتے ہیں کہ انہیں لاجواب کر دیں۔ تجسس کا مادہ انہیں کہیں ٹکنے نہیں دیتا۔ دوسرے بچے ان سے متاثر ہوتے ہوئے ان کی تقلید بھی کرتے ہیں۔ ذہنی طور پر جلد ہی پختہ ہو جاتے ہیں۔ مجموعی طور پر ایسے بچے ہوتے ہیں جن پر تھوڑی سی محنت کر کے والدین بہت فخر کر سکتے ہیں۔ ان کے اساتذہ بھی ہمیشہ ان سے خوش رہتے ہیں کیونکہ یہ کبھی کسی کو کہنی مار کر آگے نہیں نکلتے بلکہ ایسا جال پھیلا کر مکمل منصوبہ بندی کے تحت منزل مقصود تک پہنچتے ہیں کہ دوسرا حیران رہ جائے۔ کبھی کبھار حسد اور رقابت کے جذبات سے مغلوب ہو جاتے ہیں۔ بعض اوقات سوچتے زیادہ اور عمل کم کر کے سستی اور غیر ذمہ دارانہ رویے کا بھی ثبوت دیتے ہیں۔

برج جدی کے دوسرے بروج کے ساتھ تعلقات

برج جدی برج حمل کے ساتھ

جدی عورت حمل مرد

حمل صاحب ذرا احتیاط کریں۔ آپ کی زوجہ آپ کو ایک لمحہ آزاد نہیں چھوڑنا چاہتی جبکہ آپ اپنی علمی پیاس بجھانے کے لئے کوئی کنواں تلاش کئے بغیر نہیں رہ سکتے۔ لہذا ٹکراؤ ہو سکتا ہے۔ جدی کو چاہیے کہ حمل کے گلے کا ہار بننے کی بجائے بوقت ضرورت اسے مفید مشورے دے اور گھریلو سکون فراہم کرے۔

جدی مرد حمل عورت

حمل کے ساتھ شادی کر کے جدی کو صبر کا دامن تھامنا نہیں بلکہ سدا کیلئے اس سے جڑ جانا ہوگا کیونکہ آپ کی سست روی اور کاہلی کے مقابلے میں حمل پھرتیلی اور تیز رفتار ہے جو آپ کی اس عادت کو پسند نہیں کرتی۔ یہ علیحدہ بات ہے کہ ناکامی پر آپ کا دلاسہ اسے تقویت بخشتا ہے۔ اس کی ذہانت و عملی زندگی کی تعریف اور احساس محبت دلاتے رہیں لیکن حاکمیت جھاڑنے کی کوشش نہ کریں۔ حمل آپ کے آرام و آسائش کا مکمل خیال رکھتی ہے۔

برج جدی برج ثور کے ساتھ

جدی عورت ثور مرد

جدی خوش نصیب ہے کہ اسے ثور جیسا مکمل تحفظ دینے والا خاوند ملا۔ ثور کے دل کو پیٹ کے راستے جیتا جا سکتا ہے۔ وہ صاف دل ہے منافق نہیں اور جدی کی ہر طرح سے ہر خواہش پوری کرنے اور پر امن زندگی گزارنے کی ہر ممکن کوشش کرتا ہے۔

جدی مرد ثور عورت

برج ثور کی بیوی گھر کو پرسکون اور آرام دہ رکھتی ہے۔ محبت کے بارے میں سنجیدہ اور بعض اوقات نہایت جذباتی ہو جاتی ہے۔ جدی مرد کی کوشش ثور کو اچھی لگتی ہیں۔ ناکامی کی صورت میں وہ جدی کا حوصلہ بڑھاتی ہے اور اچھا مشورہ، آرام دہ گھر اور صاف ستھرے بچے ثور کی اولین کوشش ہوتے ہیں۔ جدی کو خوش و خرم رکھتی ہے۔

برج جدی برج جوزا کے ساتھ

جدی عورت جوزا مرد

جوزا مرد ایک آزاد پنچھی ہے جو پُرکشش اور خوب صورت شخصیت کا مالک ہے لیکن اس کے باوجود جدی کے لیے ایک بات باعث پریشانی ہے اور وہ ہے جوزا کا کام ادھورا چھوڑ دینا۔ جوزائی تکنیک استعمال کر کے آگے بڑھنا چاہتا ہے جبکہ جدی کا اصرار روایت پر ہے۔ اگر جدی اپنے مشوروں کو کچھ کنٹرول کرتے ہوئے بہتر حکمت عملی اختیار کریں تو ماحول خوشگوار ہو سکتا ہے۔

جدی مرد جوزا عورت

جوزا سے شادی کے بعد آپ اس کے اندر جھانکنے کی کوشش کریں گے بھی تو ضروری نہیں کہ کامیاب ہو سکیں۔ وہ ہر لحہ بدلتی ہے اور ہر لحہ شخصیت کا نیا رنگ نظر آتا ہے۔ جبکہ جدی مستقل مزاجی اور آہستگی سے ہر کام کرنے کا عادی ہے۔ اگر بچوں پر جدی خود زیادہ توجہ دے تو بہتر ہے۔

برج جدی برج سرطان کے ساتھ

جدی عورت سرطان مرد

سرطان کے اندر وہ خوبیاں موجود ہیں جن کی آپ کو تلاش تھی۔ سرطان کی ہر بات منطق پر مبنی ہوتی ہے۔ جدی کسی بھی مسئلہ کے فیصلے اور روپے پیسے کے معاملے میں بھی سرطان پر بھرپور اعتماد کر سکتی ہے۔

جدی مرد سرطان عورت

سرطان سنجیدہ و جدی کی طرح باعمل ہے۔ اپنے گھر سے شدید محبت ہے۔ اور جدی کی خوشی کے لیے وہ ہر وقت کچھ بھی کرنے کو تیار رہتی ہے۔ آپ دونوں ایک دوسرے کو سمجھ کر پرسکون و متوازن زندگی گزارنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

برج جدی برج اسد کے ساتھ

جدی عورت اسد مرد

اسد شیر ہے جو ہر حال میں حکومت چاہتا ہے کم کچھ جدی بھی نہیں۔ لیکن اگر جدی کی خواہش ہے کہ اسد اس پر محبت کے پھول نچھاور کرے تو اسے اپنی محبت کا یقین

اسد کو دلانا ہوگا۔ اور پھر دیکھیں اس کی نوازشات' آپ تصور بھی نہ کرسکیں گے۔

جدی مرد اسد عورت

اسد زندگی کی رنگینیوں میں جینا چاہتی ہے لیکن مشکل اس وقت پیدا ہوتی ہے جب جدی اسے نظم ونسق سے زندگی گزارنے پر زور دے۔ اور زور پر چلنا اسد کی لغت میں نہیں۔ جدی اسد سے محبت بہت کرتا ہے۔ اسی لیے وہ بعض اوقات اسد کی ناپسندیدہ خواہشات کی بھی تکمیل کردیتا ہے۔ لہٰذا اسد کو بھی جدی کی خواہشات کا احترام کرنا چاہیے۔

برج جدی برج سنبلہ کے ساتھ

جدی عورت سنبلہ مرد

